بعنوان: نوٹس برائے نیلامی کماد

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے اچکیرہ فارم پر 115 کنال (مربع نمبر 63 میں 65 کنال اور مربع نمبر 43 میں 50 کنال) کماد (Sugarcane) کا نیلام عام چک نمبر 217 ر۔ب اچکیرہ، نڑوالا روڈ، فیصل آباد پر مورخہ 12 دسمبر 2019 بروز جمعرات بوقت 10:00 بجے صبح کیا جائے گا۔

قوانین و شرائط درج ذیل ہیں:۔

1۔ بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ تمام بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ -/50,000 روپے بطورِ زرضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ ایڈوانس ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر / مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد دو اقساط میں واجب الادا ہوگی جس کے دو عدد ایڈوانس چیک ضمانت کے طور پر وصول کئے جائیں گے جو کہ بالترتیب 15-01-2020 اور 15-02-2020 کی تاریخوں کے ساتھ کیش کروائے جاسکیں اور بولی شدہ کماد کی فصل 20 مارچ 2020 سے پہلے کاٹ کر رقبہ خالی کرنا ہوگا۔

5۔ مندرجہ بالا قوانین و شرائط پر عمل درآمد نہ ہونے کی صورت میں جمع شدہ رقم بحق سرکار ضبط کر لی جائے گی اور بولی شدہ کماد کی فصل دوسرے نمبر پر آنیوالے بولی دہندہ کی رضامندی پر سابقہ منظور شدہ ریٹ (پہلی بلند ترین بولی) کے مطابق مذکورہ بالا شرائط کے تحت حوالے کی جائے گی۔

6۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

**نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ میں بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی 19-12-2019 بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی اگر بولی کامیاب منعقد نہ ہوئی تو یہی بولی دوبارہ پھر 26-12-2019 بوقت 10 بجے صبح منعقد ہوگی۔**

**برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز اور نیشنل پریس (دو اردو اخبارات) میں مشتہر کروادیں۔**

**ڈاکٹر تسنیم خالق، لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر، جامعہ زرعیہ، فیصل آباد۔**

**فون نمبر 041-9201203**

بعنوان: نوٹس برائے نیلامی زرعی اجناس

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ڈائریکٹوریٹ آف فارمز، زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کے مین سٹور پر 105 کلوگرام مکئی، 2076 کلو گرام جو، 1490 کلوگرام جوا، 113 کلوگرام برسیم، 1 کلوگرام مونگی اور 27 کلوگرام مسور کا نیلام عام مورخہ 16 دسمبر 2019 بروز سوموار بوقت 11:30 بجے صبح کیا جائے گا۔

قوانین و شرائط درج ذیل ہیں:۔

1۔ بولی سے قبل قومی شناختی کارڈ کی نقل فراہم کرنا لازم ہوگا۔

2۔ تمام بولی دہندگان کو بولی سے قبل مبلغ -/10,000 روپے بطور زرضمانت (قابلِ واپسی) آکشن کمیٹی کو جمع کروانا ہونگے۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو فائلر (Filer) ہونے کی صورت میں 10% اور غیر فائلر (Non Filer) ہونے کی صورت میں 20% گورنمنٹ ایڈوانس ٹیکس بحق سرکار جمع کروانا ہوگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ سے بولی کی کل رقم کا 1/3 حصہ موقع پر وصول کیا جائے گا جبکہ بقیہ رقم آفیسر / مجاز اتھارٹی کی منظوری کی اطلاع کے بعد وصول کی جائے گی۔ تمام واجبات اور واجب الوصول ٹیکس کی وصولی کے بعد بولی شدہ زرعی اجناس لے جانے کی اجازت ہوگی۔

5۔ مجاز اتھارٹی نیلامی کو منظور یا منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔

نوٹ: مذکورہ بالا تاریخ میں بولی کامیاب نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ نیلامی 26-12-2019 بوقت 11:30 بجے صبح منعقد ہوگی۔

برائے مہربانی مندرجہ بالا نوٹس کیمپس نیوز میں مشتہر کروادیں۔

14/11/19

ڈاکٹر تسنیم خالق، لینڈ یوٹیلائزیشن آفیسر، جامعہ زرعیہ، فیصل آباد۔

فون نمبر 041-9201203

کاپی برائے اطلاع و ضروری کارروائی